NYC Public Schools

2025-26 ڈائریکٹری معلومات اطلاع نامہ اور اوپٹ آوٹ فارم برائے نیشنل اسٹوڈنٹ کلیئرنگ ہاوس (National Student Clearinghouse)

خاندانی تعلیمی حقوق اور رازداری قانون (FERPA)، ایک وفاقی قانون، کے تحت نیویارک پبلک اسکولز (NYCPS)، اجازت کے بغیر ایسی کوئی معلومات افشا نہیں کر سکتا جس سے کسی طالب علم کی نشاندہی ہوتی ہوں۔ تاہم، کچھ معلومات کا جنہیں "ڈائریکٹری معلومات" کہا جاتا ہے، کچھ صورتوں میں بغیر اجازت کے اشتراک کیا جا سکتا ہے۔ **NYCPS، نیشنل اسٹوڈنٹ کلیئرنگ ہاوس (NSC) کے ساتھ ڈائریکٹری معلومات کا اشتراک کر رہا ہے تاکہ اسے اس کے طلباء کے بعد از ثانوی تعلیم کے بارے میں معلوم ہو سکے. اشتراک کی جانے والی ڈائریکٹری معلومات ان طلباء کے ناموں اور تاریخِ پیدائش پر مشتمل ہوتی ہیں جنہوں نے 2025-26 میں گریڈ 9 شروع کیا ہے، ان طلباء کے علاوہ جنہوں نے 2002-2025 کے دوران NYCPS کے ہائی اسکولوں میں شرکت کی تھی۔**

NSC کے پاس 3,600 کالج اور یونیورسٹیز کے اعداد و شمار موجود ہیں کہ طلباء کون سے کالج میں گئے اور انہوں نے کس قسم کی ڈگریاں حاصل کیں۔ NSC، نیویارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) کی ڈائریکٹری معلومات کو اس لیے استعمال کرتا ہے تاکہ سابقہ NYCPS طلباء کی نشاندہی کی جا سکے اور معلوم ہو سکے کہ یہ طلباء کب اور کس کالج میں گئے، ان کی سندیافتگی کی تاریخ، اور انہوں نے کس قسم کی ڈگریاں حاصل کی ہیں۔ NYCPS ان معلومات کو طلباء کی کالج کی تیاری اور کامیابی کا فہم حاصل کرنے کے لیے اور ان کو بہتر بنانے میں مدد کرنے کے لیے استعمال کرتا ہے۔

نیشنل اسٹوڈنٹ کلیئرنگ ہاوس کے ساتھ ڈائریکٹری معلومات کے اشتراک سے کس طرح اوپٹ آوٹ کیا جائے

تاوقتیکہ آپ اوپٹ آوٹ نہ ہو جائیں، NYCPS آپ کے بچے کا نام، گریڈ سطح، اور تاریخِ پیدائش NSC کو فراہم کرے گا۔ اگر آپ اوپٹ آوٹ ہونا چاہتے ہیں، برائے مہربانی ذیلی ہدایات پر عمل کریں:

1۔ اس فارم کو **جمعہ، 13 فروری، 2026 تک مکمل کریں** اور اسے اپنے بچے کے اسکول کے پرنسپل کے پاس جمع کروا دیں۔ اگر آپ کا NYCPS اسکول کے نظام میں ایک سے زائد بچہ درج ہے، تو آپ کو لازماً ہر طالب علم کے لیے ایک فارم جمع کروانا ہوگا۔

2۔ 18 سال یا بڑی عمر کے طالب علم جو معلومات افشا نہیں کروانا چاہتے، انہیں فارم کو مکمل کرنا لازمی ہوگا اور اس پر دستخط کرنا ہوں گے۔

3۔ اگر آپ یہ فارم جمع کرواتے ہیں، ان معلومات کو افشا نہیں کیا جائے گا ماسوائے کہ آپ اپنا اوپٹ آوٹ منسوخ کردیں۔ اگر آپ اوپٹ آوٹ منسوخ کرنا چاہتے ہیں، آپ کو اپنے یا اپنے بچے (بچوں) کے اسکول (اسکولوں) کے پرنسپل کو ایسا کرنے کے لیے لازمی تحریر میں دینا ہوگا۔

اس اطلاع اور فارم کی نقلیں آپ کے یا آپ کے بچے کے اسکول سے دستیاب ہیں اور اس تک آن لائن رسائی حاصل کی جا سکتی ہے https://www.schools.nyc.gov/learning/student-journey/college-and-career-planning/national-student-clearinghouse-notice-and-opt-out-form اگر آپ کے اس فارم کے بارے میں کوئی سوالات ہیں، براہِ کرم اسکول سے رابطہ کریں۔

برائے مہربانی صرف اس صورت میں اسے مکمل اور دستخط کریں اگر آپ نیشنل اسٹوڈنٹ کلیئرنگ ہاوس کو معلومات افشا کرنے سے **اوپٹ آوٹ ہونا چاہتے ہیں۔**

☐ میں ذیل میں درج کردہ ایک طالب علم ہوں اور میری عمر 18 سال یا زائد ہے۔ میں **نہیں** چاہتا کہ میرا نام، گریڈ سطح اور تاریخ پیدائش نیشنل اسٹوڈنٹ کلیئرنگ ہاوس کو افشا کی جائے۔

☐ میں ذیل میں درج کردہ طالب علم کا والدین / سرپرست ہوں، جس کی عمر 18 سال سے کم ہے۔ میں نہیں چاہتا کہ میرے بچے کا نام، گریڈ سطح اور تاریخ پیدائش نیشنل اسٹوڈنٹ کلیئرنگ ہاوس کو افشا کی جائے۔

والدین / سرپرست کے دستخط اگر طالب علم کی عمر 18 سال سے کم ہے: **طالب علم کے دستخط اگر طالب علم کی عمر 18 سال یا زیادہ ہے:**

______________________________   ______________________________

ذیل میں ہر طالب علم کی معلومات درج کریں:			
طالب علم کا نام:	**#OSIS:**	**گریڈ:**	**تاریخِ پیدائش (سال/ دن/ مہینہ):**
والدین / سرپرست کا نام:	**اسکول کا نام (اور برو):**		